http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 16 رجب المرجب 1446ھ منگل 06 جنوری 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 242

خالدہ ضیاء پاکستان اور اسکے عوام کی خیر خواہ تھیں، شہباز شریف، بنگلہ دیشی ہائی کمیشن کا دورہ

وزیر اعظم کی چھوٹے اور درمیانے کاروبار کیلئے آسان قرضوں کی فراہمی تیز کرنے کی ہدایت

بینکوں اور دیگر مالی اداروں کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کرنے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں، شہباز شریف کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں ایس ایم ایز کی ترقی سے برآمدات بڑھانے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے لیے سمیڈا (SMEDA) کے بزنس پلان کے حوالے سے اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے لیے کئے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسے اقدامات تیز کیے جائیں تاکہ آئندہ 3 سال کا روڈ میپ پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے قابل عمل اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

کئی مروت دھماکا، بس پر آئی ای ڈی نصب کرنے والا دہشت گرد مقابلے میں مارا گیا

کئی مروت (نیوز ڈیسک) کئی مروت میں بس کو آئی ای ڈی نصب کر کے دھماکے سے تباہ کرنے والا دہشت گرد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

ٹرمپ کی دھمکی

بھارت روسی تیل کے معاملے پر دباؤ نہ کرے تو بھارت پر ٹیرف بڑھا سکتے ہیں، امریکی صدر ٹرمپ کے بیان پر ڈنمارک کا سخت ردعمل

ایران میں مزید مظاہرین ہلاک ہوئے تو امریکا بہت زوردار حملہ کرسکتا ہے

واشنگٹن، تہران (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر ملک میں جاری احتجاجی مظاہروں کے دوران مزید مظاہرین ہلاک ہوئے تو امریکا زوردار حملہ کرسکتا ہے۔ مظاہرے اب دسویں ہفتے میں داخل ہو چکے ہیں اور مہنگائی، اقتصادی بحران اور ایرانی ریال کی شدید گراوٹ کے باعث عوام سراپا احتجاج ہیں۔ ٹرمپ نے ایرانی حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

ترپت: فورسز کا کریک ڈاؤن، غیر قانونی اسلحے کی بڑی کھیپ ضبط کرلی

کراچی میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام

2 ہزار کلوگرام سے زائد بارود پکڑا گیا

منصوبے کے تانے بانے پی ایل اے، پی ایل ایف، فتن الہند، داعش، مجید بریگیڈ اور بشیر زیب نیٹ ورک سے جا ملتے ہیں، جو افغانستان میں محفوظ ٹھکانوں کا استعمال کرتے ہیں، مقامی سہولت کار معمولی مالی مفادات کے بدلے دہشت گردوں کی مدد کرتے ہیں اور رہائشی گھروں کو چھپنے اور بارودی مواد تیار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، سیکورٹی ذرائع

کراچی (رپورٹ سید محمد عروج) شہر قائد میں بڑی تباہی سے بچ گیا، سیکیورٹی اداروں نے 2 ہزار کلوگرام سے زائد بارودی مواد پکڑ کر دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا، تفصیل جس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے برقت اور کیلئے کن کارروائی کرتے ہوئے کراچی میں دہشت گردی کے ایک انتہائی خطرناک منصوبے کو ناکام بنا دیا، جس کے نتیجے میں دو ہزار کلوگرام سے زائد تباہ کن بارودی مواد برآمد کرلیا گیا۔ پیکیز انٹیلی جنس ایجنسی اور سی ٹی ڈی کی جانب سے کئی بتھوں پر محیط ایک پیچیدہ اور پیشہ ورانہ خفیہ آپریشن کے بعد حصدار اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کی گئی۔ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی ذوالفقار لاڑک کامل (نیوز ڈیسک) افغانستان پر قابض طالبان رجیم نے اپنی غیر قانونی حکومت کو مضبوط بنانے کے لیے قدرتی وسائل کی لوٹ مار کا سلسلہ تیز کردیا ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق افغانستان پر قابض طالبان رجیم نے اپنی غیر قانونی حکومت کو مضبوط بنانے کے لیے ٹھیروں سے بہتہ خوری، غزہ میں فوری، غیر مشروط اور مستقل جنگ بندی، مسئلہ کشمیر کے پرامن حل، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

کراچی: شہر قائد میں سیکورٹی اداروں کی کارروائی میں بڑی کامیابی، بارودی مواد کی بھاری کھیپ

افغان اثاثوں کی منظم لوٹ مار بے نقاب

طالبان رجیم کا سونے کی کانوں پر قبضہ

سے سونے کی کانوں پر قبضے کا سلسلہ بڑھ گیا، طالبان عناصر کسی بھی جگہ سونے کی کان کی اطلاع ملتے ہی مالکان کو بے دخل کر کے وہاں خود قابض ہو جاتے ہیں، افغان میڈیا

عسکریت پسند طالبان کی یہ شرپسندانہ کارروائیاں پہلے ہی خطے کے ممالک کے لیے سنگین مسائل پیدا کر چکی ہیں، شمال مشرقی افغانستان کے صوبوں میں طالبان کی طرف

کرلیا ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق افغانستان پر قابض طالبان رجیم نے اپنی غیر قانونی حکومت کو مضبوط بنانے کے لیے ٹھیروں سے بھتہ خوری، اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف بنگلادیش سفارتخانے کے دورے کے موقع پر سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

افغانستان غزہ، کشمیر

سی پیک 2.0 اور عالمی امور پر پاکستان چین مشترکہ اعلامیہ جاری

پاکستان اور چین نے افغانستان میں قریبی رابطہ و ہم آہنگی، غزہ میں فوری، غیر مشروط اور مستقل جنگ بندی، مسئلہ کشمیر

کے پرامن حل، اور سی پیک 2.0 کے ذریعے اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اعادہ

بیجنگ (نیوز ڈیسک) پاکستان اور چین نے افغانستان، غزہ، مسئلہ کشمیر اور سی پیک 2.0 کے مسائل پر مشترکہ اعلامیہ جاری کردیا ہے۔ پاکستان اور چین نے افغانستان میں قریبی رابطہ و ہم آہنگی، غزہ میں فوری، غیر مشروط اور مستقل جنگ بندی، مسئلہ کشمیر کے پرامن حل، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

ویزویلا میں امریکی شب خون

کیا یہ عالمی امن کی کوشش تھی یا محض تیل کے کنوں پر قبضے کی ایک جدید مہم؟

تاریخ اپنے آپ کو دہرا نہیں رہی بلکہ شاید اب تیل کی بو پر لکھی جا رہی ہے۔ 3 جنوری 2026 کی صبح جب دنیا ابھی نئے سال کی خوشیوں میں مگن تھی، جنوبی امریکا کے ملک ویزویلا کے افق پر امریکی طیاروں کی گھن گرج نے ایک نئے ارضی سیاسی زلزلے کی نوید سنائی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ اعلان نے نہ صرف دارالحکومت کراکاس کی گلیوں کو ہلا کر رکھ دیا بلکہ بین الاقوامی قانون کی انہی تمام ضابطوں کو بھی خاک میں ملا دیا ہے جن کا پرچار دہائیوں سے کیا جا رہا تھا۔ امریکی افواج نے ایک برق رفتار فوجی آپریشن کے ذریعے نہ صرف ویزویلا کے دارالحکومت پر بمباری کی، بلکہ صدر نکولس مادورو اور ان کی اہلیہ کو گرفتار کر کے ملک سے باہر منتقل کر دیا۔ واشنگٹن کا دعویٰ ہے کہ یہ کارروائی ایک منشیات فروش دہشت گرد کے خلاف تھی۔ لیکن صدر ٹرمپ کے اس بیان نے اصل کہانی واضح کر دی ہے کہ اب امریکا ویزویلا کے انتظامات چلائے گا اور امریکی تیل کمپنیاں وہاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کریں گی۔

ویزویلا اور امریکا کے تعلقات کی تاریخ نشیب و فراز سے بھری ہوئی ہے۔ بیسویں صدی کے بیشتر حصے میں دونوں ممالک کے درمیان خوردبرائی شراکت داری رہی، جہاں ویزویلا امریکا کو تیل فراہم کرنے والا ایک اہم ملک اور خطے میں اشتراکیت کے خلاف ایک مضبوط اتحادی تھا۔ 1990 کی دہائی کے اواخر اور 2000 کے شروع میں، امریکا یہاں سے روزانہ 15 لاکھ سے 20 لاکھ بیرل خام تیل خریدتا تھا۔ ویزویلا کا تیل بھاری ہوتا ہے اور امریکی ریفائنریاں خاص طور پر اسی قسم کے تیل کو صاف کرنے کے لیے بنائی گئی تھیں، اس لیے یہ تجارت دونوں کے لیے نہایت اہم تھی۔ تاہم 1999 میں ہیوگو شاویز کے برسرِ اقتدار آنے سے اس رشتے میں دراڑیں آنا شروع ہوئیں۔ شاویز نے بولیویرین انقلاب کے تحت امریکا کی خالص خارجہ پالیسی اپنائی اور تیل کے وسائل کو قومی ملکیت میں لے لیا، جس سے امریکی مفادات کو شدید ٹھیس پہنچی۔ 2013 میں نکولس مادورو کے صدر بننے کے بعد یہ تعلقات دشمنی میں بدل گئے۔

امریکا نے مادورو حکومت کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے تیل کی صنعت پر سخت ترین پابندیاں عائد کر دیں تاکہ حکومت کو معاشی طور پر مفلوج کیا جا سکے۔ 2018 تک درآمدات کم ہو کر 5 لاکھ بیرل رہ گئیں اور 2019 کی پابندیوں کے بعد یہ تجارت تقریباً ختم ہو گئی۔ اگرچہ 2023 اور 2024 میں امریکی کمپنی شیورون کو محدود پیمانے پر تیل نکالنے کی اجازت دی گئی، لیکن جنوری 2026 کے فوجی آپریشن نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا ہے۔ اب امریکا نے ویزویلا کے ساحلوں کی مکمل ناکہ بندی کر دی ہے اور وہ وہاں کے تیل کے شعبے پر مکمل کنٹرول حاصل کر کے اپنی کمپنیوں کے ذریعے اسے دوبارہ بحال کرنا چاہتا ہے تاکہ عالمی منڈی میں قیمتیں کم کی جا سکیں۔ امریکا کا موقف ہے کہ مادورو حکومت منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث تھی اور ان پر 50 ملین ڈالر کا انعام اس کارروائی کا قانونی جواز ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا کسی خودمختار ملک کے سربراہ کو اس طرح گرفتار کرنا بین الاقوامی سفارتی آداب اور خودمختاری کے منافی نہیں؟

ویزویلا کے پاس دنیا کے سب سے بڑے تیل کے ذخائر ہیں، اور عالمی توانائی کی منڈی کے اتار چڑھاؤ واشنگٹن کو اس بات پر مجبور کر دیا ہے کہ وہ جمہوریت کی بحالی کے پردے میں ان وسائل تک براہ راست رسائی حاصل کرے۔ یہ کوئی اچانک ہوا واقعہ نہیں تھا۔ 2025 سے جاری بحری ناکہ بندی اس بات کا واضح اشارہ تھی کہ گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ روس، فرانس، کیوبا اور میکسیکو جیسے ممالک نے اسے بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی قرار دے کر مذمت کی ہے، لیکن زمینی حقیقت یہ ہے کہ فی الحال طاقت کا پلڑا یکطرفہ طور پر امریکا کے حق میں ہے۔ اقوام متحدہ کی تشویش بھی روایتی بیان بازی سے زیادہ کچھ نظر نہیں آتی۔

ویزویلا کا موجودہ منظرنامہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ وہ ممالک جن کے پاس قدرتی وسائل تو ہیں لیکن وہ داخلی طور پر کمزور ہوں، وہ ہمیشہ نشانے پر رہتے ہیں۔ آج مادورو نیویارک کی کسی عدالت میں کٹہرے میں کھڑے ہوں گے، لیکن تاریخ کے کٹہرے میں یہ سوال ہمیشہ رہے گا کہ کیا یہ عالمی امن کی کوشش تھی یا محض تیل کے کنوں پر قبضے کی ایک جدید مہم؟ اگر ریاستیں اپنے عوام کو خوشحال اور خودمختار دیکھ سکیں، تو بیرونی طاقتیں منتقل کے نام پر ملک کی پاک ڈور سنبھالنے میں دیر نہیں لگاتیں۔

بدترین حالات، ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کا مارکو جانے کا پلان تیار

تہران (نیوز ڈیسک) ایران میں حکومت مخالف احتجاج بڑھنے اور امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ممکنہ فوجی کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

ویزویلا کے صدر کی گرفتاری، 2 ماہ کی منصوبہ بندی، صرف 2 گھنٹے 28 منٹ میں آپریشن مکمل

لندن (نیوز ڈیسک) برطانوی جریدے نے امریکا کی جانب سے ویزویلا کے صدر نکولس مادورو کی گرفتاری کے آپریشن پر تفصیلی رپورٹ جاری کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکی فوج نے پیٹنے کی صبح سویرے صرف دو گھنٹے اور 28 منٹ میں ویزویلا کے صدر نکولس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی اوہائیو رہائش گاہ پر حملہ، مشتبہ شخص گرفتار

اوہائیو (نیوز ڈیسک) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی ذاتی رہائش گاہ پر آج آدھی رات کے قریب ایک پراسرار حملہ ہوا، جہاں نامعلوم شخص نے گھر کی متعدد کھڑکیاں توڑ دیں۔ سیکرٹ سروس ایجنٹس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے مشتبہ فرد کو موقع پر ہی پکڑ لیا اور سنسپناٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

مقبوضہ کشمیر میں عام شہری تشدد اور بے گھری کا شکار ہیں، صدر زرداری

کشمیریوں کے پرامن خود ارادیت پر اپنے بیانات دیے ہیں۔ صدر آصف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

عدالیہ آزاد ہوتی تو عمران خان جیل میں نہ ہوتے

علیمہ خان

ٹی وی پر بیٹھ کر حکومت والے کہہ رہے ہیں کہ مجھے ایک ماہ میں سزا ملی ہے جج صاحب حکومتی عہدے داروں کے خلاف تو چین عدالت بھی نہیں لگا سکتے، ان کو کیسے پتہ ہے

کہ مجھے سزا ہونی ہے انکوائر ڈر ہونا ہے کہ مجھے سزا ہونی ہے میرے خلاف سزا لکھی گئی ہے اس کیس میں نہیں کسی اور کیس میں دے دیں گے، بشیرہ بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعظم عمران خان کی بشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ان کو آرڈر ہوتے ہیں کہ مجھے سزا ہونی ہے میرے خلاف سزا لکھی گئی ہے اس کیس میں نہیں تو کسی اور کیس میں دے دیں گے، عدلیہ آزاد ہوتی تو بانی پی ٹی آئی جیل میں نہ ہوتے۔ انسداد دہشت گردی عدالت باہر میڈیا ٹاک کرتے علیمہ خان کا کہنا تھا کہ جھوٹے مقدمات سے نہیں ڈرتے۔ کل اڈیالہ جیل عمران خان سے فیملی ملاقات نہ دے سکے۔ کل ہم ایک بجے اڈیالہ جیل باہر پہنچیں گے۔ ڈیڑھ بجے اڈیالہ جیل باہر شہید اور فیر

قانونی گرفتاری بابت سوروایا میں ختم ہوگئی۔ نہیں کل بھی ملاقات اجازت نہ دی گئی تو دوڑ پر ہم نہیں جیٹھ کر بھی احتجاج کریں گے، بانی پی ٹی آئی نے 26 نومبر کی کال 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دی تھی اس ترمیم کے تحت 17 ججوں والی جماعت کو اختیار میں لگا کر سزائیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

سابق ڈی جی ISI فیض حمید کے بھائی کیخلاف مقدمہ درج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے بھائی کے خلاف ایف آئی اے اینٹی کرپشن سیل میں مقدمہ درج کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مقدمہ نجف حمید، عبدالظہور اور خالد منیر کے خلاف درج کیا ہے، مقدمہ جعلی دستاویزات کے ذریعے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

بھارتی عدالت میں 28 جنوری کو یاسین ملک کو سزا سنانے کا خطرہ ہے، مشعال ملک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال یسین ملک نے کہا ہے کہ 28 جنوری کو یاسین ملک کو سزا سنانے کا خطرہ ہے ان کی جان لینے کی کوشش ہوئی تو وہ دھماکا ہوگا کہ سب ہاتھ لیٹتے رہ جائیں گے۔ پانچ جنوری کو اتنی خود ارادیت کے دن کے موقع پر راولپنڈی پریس کلب کے باہر شہر کے تاجر نمائندوں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں مشعال یسین ملک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

کے پی کے میں آپریشن کی تیاری ہو رہی جو کہ بدمعاشی ہے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ کے پی کے میں آپریشن کی تیاری ہو رہی ہے یہ بدمعاشی ہے، پاکستان بس سچ پر چلتی گیا ہے تو کہتا ہے۔ اسلام آباد بار کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم نے کے پی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

آئی جی سندھ کا تاجروں کی پریس کانفرنس کا سخت نوٹس

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) انسپکٹر جنرل پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کراچی پریس کلب میں تاجروں کی جانب سے منعقدہ پریس کانفرنس کا سخت نوٹس لے لیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 49)

وزیراعلیٰ سندھ کا حضرت ذکی زینب بنت علی کے یوم شہادت پر عقیدت و احترام کا اظہار

حضرت زینب کا پیغام صبر و مزاحمت آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے اور ان کی قربانی تاریخ اسلام میں ہمیشہ زندہ رہے گی

یوم شہادت پر وزیراعلیٰ سندھ نے عوام سے بھی صبر و استقامت کے ساتھ راہ حق پر چلنے اور انسانی اقدار کو قائم رکھنے کی تلقین کی

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے حضرت ذکی زینب بنت علی کے یوم شہادت پر عقیدت و احترام کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حضرت ذکی زینب صبر و استقامت اور حق گوئی کی لازوال مثال ہیں۔ انہوں نے کربلا کے پیغام کو دنیا بھر تک پہنچایا اور اسلامی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 47)

جعلی ٹریک اینڈ ٹریس اسٹیمپس والی چینی کی 1800 بوریاں ضبط

کارروائی ان لینڈ ریونیو ٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کے اشتراک سے کی گئی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینٹرل پولیس آفس لوئر کراچی نے جعلی ٹریک اینڈ ٹریس اسٹیمپس والی چینی کی 1,800 بوریوں سے لدے ہوئے تین ٹرک ضبط کر لئے۔ ایف بی آر (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 46)

بھارتی وفد نے خالد ضیاء کے جنازے میں شرکت سے روکنے کی کوشش کی، ایاز صادق کا انکشاف

جب بس جنازہ گاہ پہنچی تو بھارتی ہائی کمشنر دروازے پر کھڑے ہو گئے، جیسے ہی وہ نیچے اترنے لگے تو بھارتی حکام نے کہا کہ آپ نہ جائیں، آپ کو خطرہ ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 44)

وزیر داخلہ محسن نقوی کا شنگھائی پولیس فورس کا دورہ، باہمی تعاون کو مضبوط بنانے کا عزم

شنگھائی (نائیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی چین کے دورے کے پہلے مرحلے میں شنگھائی پہنچ گئے، جہاں انہوں نے شنگھائی پبلک پولیس فورس (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 18)

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان احتجاجی کیمپ سے خطاب کر رہے ہیں

ملکی تاریخ کی پہلی قومی ویکسین پالیسی تیار کر لی ہے

مصطفیٰ کمال

پاکستان کی مختلف ویکسین کی سالانہ ضرورت ایک سو چودہ ملین ڈوز ہیں، 2030 میں پاکستان کو ویکسین سپلائی میں عالمی معاونت ختم ہو جائے گی جبکہ ہم سالانہ چار سو ملین ڈالر کی ویکسین درآمد کرتے ہیں، 2030 کے بعد پاکستان کو سالانہ ایک اعشاریہ دو ملین کی ویکسین درآمد کرنا پڑے گی، وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب | ملکر ویکسین تیار کریں گے جس کیلئے خصوصی ٹیلیاں تشکیل دے دی گئیں (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 15)

رمضان اور عیدین کی ممکنہ تاریخیں سامنے آ گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ماہر فلکیات پروفیسر ڈاکٹر فہیم ہاشمی نے سائنسی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 17)

نیو کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر نوجوان ہلاک

جاں بحق نوجوان کی شناخت سعد کے نام سے کی گئی، لاش اسپتال منتقل کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نیو کراچی 5 پل بلال (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 16)

دبئی، جعلی ورک ویزا اسکیم، پولیس وارنٹ جاری

دبئی (نائیٹرنگ ڈیسک) دبئی پولیس نے عوام کو خبردار کیا ہے کہ وہ جعلی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 48)

شکھانی: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شکھانی پولیس ڈپارٹمنٹ کا دورہ کر رہے ہیں

دندناتے واٹر ٹینکر نے 7 سالہ بچے کو کچل دیا، ڈرائیور گرفتار

ڈرائیور نے پینڈ فری لگائی ہوئی تھی جس کی وجہ سے وہ لوگوں کا شور نہیں سن سکا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے بفکھنگ نے ایک اور معصوم بچے کی جان لے لی۔ اسپیکر پس نیوز کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 23)

کراچی: سول اسپتال سے خاتون 3 ماہ کے بچے کو لیکر فرار

خاتون ملزمہ کی جانب سے بچے کو اسپتال سے لے جانے کی سی سی ٹی وی ویڈیو بھی سامنے آ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے سول اسپتال سے 3 ماہ کے بچے کے اغوا کا واقعہ سامنے آ گیا، جہاں علاج کے دوران ایک خاتون بچے کو لے کر فرار ہوئی جب کہ ملزمہ (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 24)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری ایرانی قونصل جنرل سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈی ایچ اے میں پانی کی قلت، شہری شدید ترین پریشانی میں مبتلا

کنٹونمنٹ بورڈ کلفٹن کی ایپ بھی ناقص انفرا اسٹرکچر کی وجہ سے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کنٹونمنٹ بورڈ کلفٹن اور ڈی ایچ اے علاقے کے 80 ہزار سے زائد مکینوں کو پانی کی فراہمی میں ناکام ہو چکا ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ کلفٹن کی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 26)

پاکستان کا ویزویلا میں صورتحال پر تشویش کا اظہار

پاکستان ویزویلا میں موجود پاکستانی کمیونٹی کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے، جبکہ بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں ضروری اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے ویزویلا میں جاری حالات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بحران کے پرامن حل کے لیے گفت، شنید اور کشیدگی میں کمی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان ویزویلا کے عوام کی بھلائی اور فلاح (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 19)

کراچی کی فضا انسانی صحت کے لیے مضر قرار

شہر قائد میں اب سے کچھ دیر قبل اے کیو آئی 203 ریکارڈ کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تین الاقوامی ماحولیاتی ویب سائٹ نے کراچی کی فضا کو انسانی صحت کے لیے مضر قرار دے دیا۔ ویب سائٹ کے مطابق دنیا کے آلودہ ترین شہروں (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 20)

کراچی، بیٹی سے زیادتی کے مجرم کو 10 سال قید کی سزا سنا دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شرقی نے بیٹی سے زیادتی کے مجرم کو 10 سال قید کی سزا سنا دی اور ایک لاکھ جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شرقی کی عدالت میں بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے کیس کی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 22)

کراچی، فشنگ ٹیکنالوجی میوزیم کا افتتاح اور ماہی دوست ایپ کی سافٹ لانچنگ

فشرمین اپنا، کشتی کی رجسٹریشن اور ڈیٹا کا اندراج ایپ پر کریگا، جی پی ایس کے ذریعے مچھلی پکڑنے کے مقام کا تعین با آسانی ہو سکے گا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 21)

کراچی، سردی کی شدت میں اضافہ کب متوقع؟

نئی پیشگوئی کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں سردی کی شدت میں اضافے سے متعلق محکمہ موسمیات نے نئی پیش گوئی کر دی ہے۔ ترجمان محکمہ موسمیات انجم ندیم ضیغم کے مطابق مسلسل بارش کی موجودگی کے سبب ساکھیرین ہوائیں تاحال (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 25)

کشمیریوں کو ان کا جائز اور تسلیم شدہ حق خود ارادیت دیا جائے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے یوم حق خود ارادیت پر کشمیری عوام کو اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قرراردادوں (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 28)

سونے کی قیمتوں میں فی تولہ 9200 روپے کا ہوشربا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں سونے کی قیمتوں میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ فی تولہ 9 ہزار 200 روپے مہنگا ہو گیا۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق 9 ہزار 200 روپے کے بڑے اضافے (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 27)

نواب شاہ نہر کے بند میں شگاف پڑنے کے باعث متعدد علاقے زیر آب آ گئے

رات تقریباً ساڑھے تین بجے اچانک تیز بہاؤ کے ساتھ پانی گھروں میں داخل ہوا، جس کے باعث شدید خوف و ہراس پھیل گیا، علاقہ مکین کونچھ اور ان سے ملحقہ آبادیوں میں خیری پانی داخل ہو گیا۔ علاقہ مکینوں کا کہنا (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 29)

نواب شاہ (اسٹاف رپورٹر) نواب شاہ میں شہری آبادی سے ملحقہ نہر کے بند میں شگاف پڑنے کے باعث متعدد علاقے زیر آب آ گئے۔ واقعے کے بعد مقامی افراد نے رات گئے بنگلہ میڈوز میں پناہ لے لی۔ مقامات کی جانب نقل مکانی کی۔ تفصیلات کے مطابق اللہ شکر خان، منیجر خالد مرزی، چوہدری برکت کی

ذوالفقار علی بھٹو 5 سال میں جو کارنامے کیے آج تک ملک اس سے فائدے اٹھا رہا ہے

سعید غنی

ذوالفقار علی بھٹو ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم تھے۔ بھٹو نے پاکستان کو پہلا متفقہ آئین دیا ہے، بھٹو نے عوام کو زبان دی بولنے کا سلیقہ سکھایا، ذوالفقار علی بھٹو نے کراچی کو ترقی دلائی تھی، صوبائی وزیر کی وزیراعلیٰ سندھ کے ہمراہ کیک کٹنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 40)

سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کا اہم اجلاس، کارکردگی بہتر بنانے پر غور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ کی زیر صدارت سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کی کارکردگی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 39)

سنگین دہشت گردی کیسز میں پولیس تفتیشی ٹیمیں چالان پیش کرنے میں مکمل ناکام

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سنگین اور دہشت گردی کے مقدمات میں پولیس تفتیشی ٹیمیں چالان پیش کرنے میں مکمل ناکام ہو گئیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابو عبقل شاہ نے سنگین مقدمات کے چالان پیش کرنے میں تاخیر کے معاملے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی، ڈی آئی جی کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے۔

واٹر کارپوریشن گلشن حدید کو پانی کی فراہمی یقینی بنائے، منعم ظفر کا احتجاجی کیمپ کے شرکاء سے خطاب

حکومت ہوش کے ناخن لے، عوام کے پُر امن احتجاج کو نظر انداز نہ کرے، کہیں ایسا نہ ہو کہ عوام نیشنل ہائی وے بند کر دیں، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 38)

نجی تعلیمی اداروں کا اینٹی کرپشن کارروائیوں کیخلاف سندھ بھر میں ہڑتال کا اعلان

سماجی ذمہ داری کے تحت فری شپ بھی دے رہے ہیں، معزز سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ کے 8 دسمبر کے فیصلے کے تحت ریجنل ڈائریکٹرز کی جانب سے جمع کرائی گئی کارروائیوں کیخلاف 9 جنوری کو سندھ بھر میں نجی اسکولوں اور کالجوں کی مکمل (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 30)

اقرار الحسن کی تیسری بیوی کی پہلی اہلیہ سے محبت پر دلچسپ گفتگو وائرل

صبح اٹھ کر جب تک میں قرالعین اقرار کو نہ دیکھ لوں، میری صبح مکمل نہیں ہوتی، وہ ایک بہت اچھی انسان ہیں اور ایک بڑی بہن کی طرح سب کا خیال رکھتی ہیں، عروسہ خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف پاکستانی میزبان اقرار الحسن کی تیسری بیوی عروسہ خان کی، قرالعین نے دلچسپ روکھل (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 31)

اے این ایف کا ملک بھر میں منشیات کیخلاف بڑا آپریشن، 14 گرفتاریاں، منشیات برآمد

جاشمورو ٹول پلازہ کے قریب دو علیحدہ کارروائیوں میں 8 کلو اور 6 کلو چرس ضبط کی گئی، ایک جوڑے سے 7 کلو سے زیادہ چرس کیساتھ ساتھ 1.5 کلو آئس بھی برآمد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک بھر میں ملکی اداروں کے اطراف اور مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف وسیع کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 32)

کراچی کی مرکزی شاہراہوں پر چنگچی رکشوں پر پابندی کے کیس میں پیشرفت

سندھ ہائی کورٹ کی آئینی بینچ نے درخواست کی سماعت ایک ہفتے کیلئے ملتوی کر دی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کی مرکزی شاہراہوں پر چنگچی رکشوں پر پابندی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 36)

مین ہول سے 4 لاشیں ملنے کا مقدمہ، ملزم 5 روزہ ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

ملزم سے آلہ قتل برآمد کرنا ہے، مزید تفتیش کر کے قتل کے پیچھے اصل حقائق سامنے لانے ہیں، 2 جنوری کو خالی مین ہول سے 4 لاشیں برآمد ہوئی تھیں، تفتیشی افسر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ غربی نے لانڈھی کلاچی میں ہول سے 4 لاشیں ملنے سے متعلق مقدمہ میں ملزم کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ جوڈیشل (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 37)

مجلس وحدت المسلمین کا اہم بیان

ملک سیاسی بحران کا شکار، فوری ملک گیر احتجاج کا اعلان

عوام بے روزگاری اور مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، ملک میں امن و امان اور معیشت کی بہتری نہیں ہو رہی، پنجاب میں پولیس مقابلوں میں سینکڑوں افراد مارے گئے اور ہزاروں بیگناہ جیلوں میں قید ہیں، علامہ راجہ ناصر عباس پاکستان کے سربراہ اور سینئر میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کی (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 33)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ علامہ راجہ ناصر عباس نے انٹرنیٹ کرسٹمنز کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد مقامات سے بعد پانچ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ بدین میں دو رکنی حالت میں زیر حراست ہیں، جبکہ کلیم ظفر مارو ہے نے کامیاب ہو گئیں۔ پولیس کے مطابق حیدرآباد تھانے کی حدود لیاری، اپنے پولیس دسے بالائے 15 میں پولیس نے موٹر سائیکل سوار دو مشکوک افراد کو روکنے کا اشارہ کیا۔

شہر قائد میں پولیس کے ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلے، 2 رفیقوں سمیت 5 ڈاکو گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس نے انٹرنیٹ کرسٹمنز کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد مقابلوں کے بعد پانچ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ بدین میں دو رکنی حالت میں زیر حراست ہیں، جبکہ کلیم ظفر مارو ہے نے کامیاب ہو گئیں۔ پولیس کے مطابق حیدرآباد تھانے کی حدود لیاری، اپنے پولیس دسے بالائے 15 میں پولیس نے موٹر سائیکل سوار دو مشکوک افراد کو روکنے کا اشارہ کیا۔

اسماعیلی کمیونٹی کے وفد نے ایڈیشنل آئی جی کراچی سے ملاقات کی، مسائل کے حل کا وعدہ

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل آئی جی کراچی ریجنل ایڈمنسٹریشن کرنل فرالدین کی قیادت میں پانچ رکنی وفد نے (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 34) آزاد خاص سے اسماعیلی کمیونٹی کے نمائندہ ایڈوائزر

سی ٹی ڈی افسران کیخلاف جعلی مقابلے میں قتل کی درخواست سماعت کیلئے منظور

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں تھانہ وارث خان کا تھم صرف گڈو کیخلاف بھی پولیس مقابلے سے متعلق درخواست سماعت کیلئے منظور کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی ڈی افسران کیخلاف قتل مقدمہ درج کرنے کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی گئی ہے۔ مقتول کی بہن آسیہ بی بی نے گھر سے زندہ گرفتاری کی فوج عدالت پیش کر دی ہے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، بنگلا دیش کا ٹیم کو بھارت نہ بھیجنے کا فیصلہ، آفریدی کا ردعمل

آئی سی سی کے چیئرمین جے شاہ کرکٹ کے فروغ کے خواہاں ہیں، لیکن انہیں بھارت کی جانب سے مناسب حمایت نہ ملنے کے باعث صورتحال مشکل ہو گئی، شاہد آفریدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان و جارح (باقی صفحہ نمبر 3 بیٹہ 35)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے اسماعیلی کمیونٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزیر سید غنی اور سینیٹر وقار رحمدی ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور ایڈیٹوریل III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کے شہر سے

کراچی میٹروپولیٹن ہسپتالوں کے گرد قائم فوڈ سٹالز مریض کا گڑھ بن گئے

کھلے عام فروخت ہونے والی کھانے پینے کی اشیاء مچھر، مکھیوں اور کتوں کی بھرمار ہوتی ہے، اسٹالز میں پہلے ہی حفظانِ صحت کے اصولوں کا فقدان ہے رہی سہی کسر اڑتی دھول مٹی نے پوری کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں کا شہر کہلانے والا کراچی مختلف مسائل کا شکار ہے، ٹوٹی سڑکیں، گلے ناولوں نے شہر کی شکل بگاڑ دی، گزشتہ کئی برس سے کراچی کے مختلف علاقوں میں قائم ہوٹل ہوٹی سڑکوں کے اطراف فوڈ اسٹریٹس قائم ہیں جو کھانے پینے کا مرکز ہوتی ہیں جہاں روزانہ ہزاروں افراد بارش یا دیگر وجوہ سے چلنے کھانوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ان فوڈ اسٹریٹس میں غیر معیاری اور غیر حفظانِ صحت کھانے فراہم کیے جارہے ہیں کیونکہ ٹوٹی پھوٹی سڑکوں سے اڑنے والی دھول مٹی اور گلیوں کا دھواں سڑک کنارے تیار ہونے والے کھانوں میں شامل ہوجاتا ہے علاوہ ازیں لوگ سڑک کنارے میٹھے گری یخ کھانے تناول کرتے ہیں۔ ماہرین صحت نے گندے نالوں اور ٹوٹی سڑکوں پر قائم فوڈ اسٹریٹس کو صحت کے لیے ہولناک قرار دیا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کھلے ہوئے نالوں سے نکلنے والا تعفن کھانوں کے ذریعے جسم میں داخل ہوکر صحت کے مسائل میں مسلسل اضافہ کررہا ہے، شہر میں بغیر فوڈ اسٹریٹ ایسی ہیں جو کہ نالوں پر قائم ہیں جہاں گندگی کے ڈھیر لگے ہیں اور ان سے متعفن الحد ہوا بہتا ہے، ٹریفک کے دھواں اور دھول مٹی ہوتی ہے، سڑکوں پر ہی کھانے تیار کیے جارہے ہیں، زیادہ تر فوڈ اسٹرٹ ایسے گنجان علاقوں میں قائم ہیں جہاں ٹریفک کی اور وقت بہت زیادہ ہے، ایک فوڈ اسٹریٹس میں کھانے کی معیار خراب ہوتا ہے، ان فوڈ اسٹریٹ کا عملاً احتیاطی تدابیر نہیں اپناتا۔ ماہرین کے مطابق کھلے ماحول میں فروخت ہونے والی کھانے پینے کی اشیاء پر مکھیاں اور مچھر کی بھرمار ہوتی ہے، ان فوڈ اسٹریٹ میں کھانے پینے کی اشیا کو ڈھکنے حفاظت کا کوئی انتظام نہیں ہوتا ہے، ان فوڈ اسٹریٹ میں کتوں

روزنامہ تشکر 1 بقیہ

مطربہ ایان خان بیٹے نے پرورش کی اور انہوں نے اپنا ہمیشہ کے لوشخت بھی دوآ ڈاف ڈائریکٹری کی پیرائی کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور میانے درجے کے کاروبار کی کلیو معیشت کے پہلے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی ترقی سے ملکی برآمدات میں نمایاں کمی کا بھی بریز استعداد ہوجائے۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر شہباز شریف نے حفاظت اور وجاہت کی ایک تجویز اور ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر شہباز شریف نے کہا کہ کاروبار کو آسان بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون کرے گی۔ اجلاس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر